**23.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دیا ہے کہ یوکرین اور روس کو جاری تنازعہ کو حل کرنے کیلئے راستے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے جلد امن بحالی کیلئے ہر ممکن کوششوں میں شامل ہونے کی بھارت کی خواہش کا اعادہ کیا۔

☆ وزیر اعظم مودی اور یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی کے درمیان کیف میں وفد کی سطح کی بات چیت ہوئی۔ مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے کیلئے چار سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خلا کے قومی دن کے موقع پر بھارت کے خلائی شعبے کی ترقی کو اجاگر کیا ہے۔

☆ تعلیم کی وزارت نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسکولی تحفظ اور سیکیورٹی 2021 کے رہنما خطوط کو نافذ کریں۔

☆ نیپال میں کم سے کم 27 افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے جب بھارت سے مسافروں کو لے کر جانے والی ایک بس Marsyangdi ندی میں گر گئی۔

☆ اور...... فٹبال میں بھارت نے کاٹھمنڈو میں 20 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے SAFF چمپئن شپ کے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM Ukraine Visit*

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دیا ہے کہ یوکرین اور روس کو، دونوں ملکوں کے درمیان جاری تصادم کو حل کرنے کیلئے طریقے تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے یقین دلایا کہ بھارت امن قائم کرنے کیلئے مطلوبہ ہر کوشش میں فعال رول ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے ساتھ اپنی میٹنگ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے فعال طور پر امن کی کاوشوں کی منصوبہ بندی کی ہے اور یہ کہ ہماری رسائی عوام مرکوز رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کرتا ہے۔ روس کے اپنے حالیہ دورے کے

بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیراعظم نے کہا کہ انھوں نے واضح طور پر کہا ہے کہ کسی بھی مسئلے کا حل میدانِ جنگ میں نہیں ملتا بلکہ صرف بات چیت، مذاکرات اور سفارتی کاوشوں کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔وزیر اعظم نے جنگ کے ابتدائی مرحلے کے دوران بھارتی باشندوں اور طالب علموں کو باہر نکالنے میں مدد دینے کیلئے یوکرین کے صدر کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ بھارت انسانی بنیادوں پر کسی بھی طرح کی مدد کرنے کیلئے تیار ہے۔

S/B 2100 PM Modi On Help Ukrine

آج یوکرین کے کیف میں وزیر اعظم نریندر مودی اور یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے درمیان وفد کی سطح کی ایک میٹنگ ہوئی۔ دونوں لیڈروں نے باہمی تعلقات کے مکمل منظرنامے پر تبادلہ خیال کیا نیز باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ میٹنگ کے دوران، دونوں لیڈروں کی موجودگی میں چار مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کئے گئے اور ان کا تبادلہ کیا گیا۔مفاہمت ناموں پر یوکرین کے کمیونٹی ترقیاتی پروجیکٹوں، منشیات کے کنٹرول کے معیارات، ثقافتی تبادلوں اور زراعت کے مختلف شعبوں میں دستخط کئے گئے۔ یوکرین کی جانب سے یوکرین کو انسانی بنیادوں پر مدد فراہم کرنے کیلئے بھارت کا شکریہ ادا کیا گیا۔ دونوں لیڈروں نے ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کی۔ دونوں فریق نے عصری عالمی حقائق کی عکاسی کرنے کیلئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی جامع اصلاحات کیلئے زور دیا۔ یوکرین نے ایک اصلاح شدہ اور توسیع شدہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی بھارت کی مستقل رکنیت کیلئے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ یوکرین کے وزیر اعظم کے دورے سے متعلق میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے جلد امن قائم کرنے کے ہر ممکن عمل میں تعاون کرنے کی بھارت کی خواہش کا اعادہ کیا۔

S/B 2100 S Jaishankar On Peace

اِس سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی، پولینڈ سے ایک خصوصی ٹرین سے کیف پہنچے۔ کیف میں اُن کی آمد پر بھارتی کمیونٹی نے وزیر اعظم کا پرجوش خیرمقدم کیا۔ جناب مودی نے، کیف میں یوکرین کی تاریخ کے قومی میوزیم میں بچوں سے متعلق ملٹی میڈیا میٹرولوجسٹ ایکسپوزیشن کا دورہ کیا۔ ان کے ساتھ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی بھی تھے۔ دونوں لیڈروں نے بچوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کیف میں مہاتما گاندھی کے مجسّمے پر بھی خراج عقیدت پیش کیا۔ 1992 میں دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے بعد یہ کسی بھارتی وزیر اعظم کا یوکرین کا پہلا دورہ ہے۔X

## Rajnath US Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، فطری اتحادی ہیں اور دونوں ایک ساتھ مل کر دنیا میں امن، خوشحالی اور استحکام کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ واشنگٹن ڈی سی میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے زور دیا کہ بھارت اور امریکہ فطری طور پر مضبوط شراکت دار ہیں اور یہ شراکت داری بڑھتی جا رہی ہے۔

دفاعی برآمدات کے سلسلے میں وزیر موصوف نے کہا کہ اب یہ 21 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ جناب سنگھ کے دورے کے دوران بھارت اور امریکہ نے سپلائی کے انتظام کو یقینی بنانے کی دستاویز SOSA اور رابطہ افسران

کی ذمہ داریوں سے متعلق اقرار نامے پر دستخط کئے۔ وزیر دفاع اپنے امریکی ہم منصب کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گے اور امریکی قومی سلامتی کے مشیر Jake Sullivan سے بھی ملاقات کریں گے۔x

## National Space Day

ملک، چندریان-تین مشن کی کامیابی کو منانے کیلئے آج خلاء کا قومی دن منا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے اِس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ بھارت نے چاند کے جنوبی قطب پر وکرم لینڈر کی محفوظ اور آسان لینڈنگ کی تھی۔ اِس کامیابی کے ساتھ ملک، چاند کی سطح پر اترنے والا چوتھا ملک اور چاند کے جنوبی قطب کے نزدیک اترنے والا پہلا ملک بن گیا۔ اسی کے ساتھ بھارت، خلائی سفر کرنے والے ملکوں کے اعلیٰ گروپ میں شامل ہوگیا ہے۔ اِس سال کی تقریبات کا موضوع ہے Touching Lives while Touchng the Moon: India's Space Saga جو معاشرے اور ٹیکنالوجی پر خلائی جستجو کے واضح اثر پر زور دیتا ہے۔

آج صبح نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اِس موقع پر منعقدہ اصل تقریب میں خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے، نہ صرف خلائی شعبے میں انتہائی اہم تعاون کیا ہے بلکہ اُس نے ملک کے سماجی واقتصادی ترقی میں بھی تعاون کیا ہے۔

S/B 2100 President Murmu on Space

صدر جمہوریہ مرمو نے اِسرو کے روبوٹک چیلنج اور بھارتیہ اَنترکش ہیکاتھون کے جیتنے والوں کو انعامات تفویض کئے۔ خلاء کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ، اِسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں کہا کہ ملک کے عوام، خلائی شعبے میں ملک کی کامیابیوں کو انتہائی فخر کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔x

## Shivraj Kisan Samvad

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار، کسانوں کی آمدنی کو دوگنی کرنے اور فصلوں کی پیداوار کو بڑھانے کے تئیں عہد بند ہے۔ کسان سمواد کے دوران پٹنہ میں کسانوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ کسان کریڈٹ کارڈ کے ذریعے سستا قرض اور MSP کے ذریعے فصلوں کی مناسب قیمت کو یقینی بناکر کسانوں کے تئیں وزیر اعظم نریندر مودی کے تمام وعدوں کو پورا کیا جا رہا ہے۔ زراعت پر آب و ہوا کی تبدیلی کے منفی اثرات پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ سرکار بہتر بیج اور کم وقت میں ہونے والی فصلوں کو فروغ دے رہی ہے۔ x

## Education Ministry Guidelines

مرکزی وزارتِ تعلیم نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اسکولوں میں حفاظتی اقدامات اور سیکیورٹی سے متعلق رہنما خطوط- 2021 پر عمل آوری کریں۔ یہ رہنما خطوط، وزارتِ تعلیم کے اسکولی

تعلیم اور خواندگی کے محکمے کی جانب سے POCSO رہنما خطوط سے مطابقت رکھتے ہوئے تیار کیے گیے تھے۔ اِن میں سرکاری، سرکاری امدادی اور خانگی اسکولوں میں تعلیم حاصل کر رہے بچوں کی حفاظت اور تحفظ کی جوابدہی طے کرنے کی گنجائشیں موجود ہیں۔اس کے علاوہ یہ رہنما خطوط، حفاظتی تدابیر اختیار کرنے، مختلف فریقوں کی ذمہ داری طے کرنے، اندراج کے طریقۂ کار، متعلقہ قانونی التزامات، امداد و کاؤنسلنگ، اور محفوظ ماحول پر روشنی ڈالتے ہیں۔ x

## Sonowal Atmanirbharata

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے آج کہا کہ ممبئی بھارت کے آتم نربھرتا یا خود کفالت کے راستے میں ایک اہم رول ادا کر رہا ہے۔ وزیر موصوف نے ممبئی بندرگاہ اتھارٹی کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا، جن میں Pir Pau میں تھرڈ کیمیکل برتھ کا افتتاح اور جواہر دُویپ میں Shore Protection and Reclamation پروجیکٹ کا سنگ بنیاد شامل ہے۔ممبئی بندرگاہ اتھارٹی نے جہاز رانی کے آپریشن اور بندرگاہ میں اخراج کے انتظام، کاربن کو ختم کرنا، ڈیجیٹل کاری جیسے بہت سے شعبوں میں کئی مفاہمت ناموں پر بھی دستخط کیا ہے۔اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ یہ پروجیکٹ اور مفاہمت نامے، اِس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ ممبئی بندرگاہ اتھارٹی نے صنعت کی بدلتی ہوئی مانگوں کے مطابق اپنے آپ کو تبدیل کیا ہے۔ انھوں نے ممبئی بندرگاہ کی طرف سے سیاحت کے اقدامات پر ایک کتابچہ بھی شائع کیا۔اِس سے پہلے خلاء کے قومی دن کے موقع پر ممبئی ہاربر میں موجود تمام جہازوں نے اپنے اپنے Horon بجاکر بھارت کے خلائی سائنسدانوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ x

## Nadda MBBS Dcotor

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے آج نئی دلّی میں نیشنل میڈیکل رجسٹریشن پورٹل کا آغاز کیا۔ اِس پورٹل پر بھارت میں رجسٹریشن کے اہل سبھی MBSS ڈاکٹروں کا اندراج کیا جائے گا۔اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ یہ پورٹل، ملک میں سبھی ایلو پیتھی رجسٹرڈ ڈاکٹروں کیلئے ایک جامع اور فعال ڈیٹا بیس ہوگا۔وزیر صحت نے مزید کہا کہ حکومت، نیم طبی اہلکاروں اور صحت کی دیکھ بھال کے شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد کیلئے بھی اسی طرح کے رجسٹر کا آغاز کرے گی۔

## Nepal Indian Bus Passengers

نیپال میں آج ایک سڑک حادثے میں 27 افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب بھارت کے مسافروں کو لے جارہی بس، دوپہر میں Tanahun ضلع کے قریب پرتھوی ہائی وے سے Marsyangdi ندی میں جاگری۔ آکاشوانی کے کاٹھمنڈو نمائندے نے خبر دی ہے کہ Aanbukhaireni اسپتال کے چیف ڈاکٹر DB شیتری نے 24 مسافروں اور بس عملے کے 3 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔

یہ بس پوکھارا سے کاٹھمنڈو جارہی تھی۔ Tanahun کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس دیپک کمار Raya نے

بتایا کہ بس میں قریب 40 بھارتی افراد سوار تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ زندہ بچ جانے والے کسی بھی شخص کو بچانے کیلئے دس غوطہ خوروں کی ٹیم کام پر لگائی گئی ہے۔x

## CBI Kejriwal

مرکزی تفتیشی بیورو CBI نے آج ایکسائز پالیسی کیس میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال پر مقدمہ چلانے کیلئے ضروری منظوری حاصل کرلی ہے۔ CBI نے کجریوال کے خلاف ایک ضمنی چارج شیٹ بھی داخل کی ہے۔ راؤز ایوینو عدالت، 27 اگست کو اس پر غور کرے گا۔ CBI نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے سے متعلق بدعنوانی کے کیس میں 26 جون کو اروند کجریوال کو گرفتار کیا تھا۔ اسی دوران سپریم کورٹ نے آج کجریوال کی اُن درخواستوں پر سماعت ملتوی کر دی، جن میں اُن کی گرفتاری کو چیلنج اور CBI کے ذریعے رجسٹرڈ کیس میں ضمانت مانگی گئی تھی۔ جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس اجول Bhuyan پر مشتمل ایک بینچ نے جواب داخل کرنے کیلئے مرکزی ایجنسی کو مزید ایک ہفتے کا وقت دیا ہے۔ x

## CBI RG Kar Medical

RG Kar اسپتال آبروریزی اور قتل کیس میں گرفتار واحد شخص سنجے رائے کو، آج کولکتہ کی سیالدہ کورٹ نے 14 دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا۔ اُسے آج عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ سنجے کو کولکتہ پولیس کے ذریعے گرفتار کئے جانے کے بعد 14 دن کی پولیس تحویل میں دیا گیا تھا۔ بعد میں اُسے CBI کے سپرد کردیا گیا۔ RG Kar میڈیکل کالج معاملے میں مالیاتی بے ضابطگیوں اور بدانتظامی کی تحقیقات کو بھی SIT سے منتقل کرکے CBI کو بھیج دیا گیا ہے۔ آج کلکتہ ہائی کورٹ نے حکم جاری کیا کہ CBI میڈیکل کالج کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش سے تعلق رکھنے والی مالیاتی بے ضابطگیوں کے معاملات کی تحقیقات کرے۔ اِسی دوران، ریاست کے صحت کے سکریٹری نارائن سوروپ نگم نے ریزیڈینٹ ڈاکٹروں سے کام شروع کرنے کیلئے زور دیا۔جناب نگم نے کہا کہ میڈیکل کالج کے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ-نیز-وائس پرنسپل اور پرنسپل نے اپنے فرائض کی ذمے داری سنبھال لی ہے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ چیسٹ میڈیسن کے ہیڈ اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کا ٹرانسفر کردیا گیا ہے۔x

## India U20 SAFF

آج نیپال کے شہر کاٹھمنڈو میں SAFF انڈر ٹوینٹی چمپیَن شپ کے ایک میچ میں بھارت، مالدیپ کو ایک-صفر سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ فائنل گروپ 'بی' مقابلے میں 95 منٹ میں Manglenthang Kipgen کے شاندار گول نے بھارت کو میچ جیتنے میں مدد کی۔ اب بھارت کا مقابلہ پیر کے روز سیمی فائنل میں دفاعی چمپیَن بنگلہ دیش سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆